کھرچ کر ایک نئی تاریخ لکھنے کا کام ہنوز جاری ہے۔

آخری باب میں قرآن مجید کے سلسلۂ مستشرقین کے نقطہ نظر اور طرز عمل اور اس کے پیچھے کام کرنے والے اسباب، عوامل اور محرکات کا تجزیہ کیا گیا۔ ساتھ ہی اس نقطہ نظر کے بطن سے پیدا ہونے معاملات و مسائل سے بھی تعرض کیا گیا ہے۔

☆ Teachings of the Holy Quran

Author : **Mohammad Yusuf Islahi**

Publisher : Islamic Studies Research Academy (P) Ltd, Delhi

Price: : (Not mentioned)

یہ کتاب معروف عالم اور مصنف مولانا محمد یوسف اصلاحی کی کتاب ''قرآنی تعلیمات'' کا انگریزی قالب ہے۔ ترجمہ ڈاکٹر سلمان اسد نے کیا ہے۔ ''قرآنی تعلیمات'' کو بڑا قبول عام حاصل ہوا۔ اب اس کے انگریزی ترجمہ کے ذریعہ انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں سے تعلق رکھنے والی قرآنی تعلیمات کے ایک وسیع تر حلقہ تک پہونچنے کی صورت پیدا ہوگئی ہے۔

قرآن مجید رہتی دنیا تک کے لئے کتاب ہدایت ہے۔ چنانچہ اس میں انسانی زندگی کے ہر شعبہ اور ہر پہلو کے لئے رہنما اصول موجود ہیں۔ اس کتاب میں ان رہنما اصولوں اور بنیادی تعلیمات کو مناسب ترتیب کے ساتھ بڑے سلیقہ سے جمع کر دیا گیا ہے۔ اس کا ایک بڑا مقصد یہ ہے کہ قارئین کے اندر قرآن مجید کے براہِ راست مطالعہ کا ذوق پیدا کیا جائے اور قرآن مجید سے براہِ راست استفادہ کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔

کتاب سات سکشن میں منقسم ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ Faith
۲۔ Self Purification
۳۔ Worship
۴۔ Conducts
۵۔ Social Conducts
۶۔ Dealings
۷۔ Invitation to Faith

پھر ہر سکشن کئی ذیلی سکشن میں منقسم ہے اور ہر ذیلی سکشن متعدد عناوین پر مشتمل ہے۔اس طرح عناوین کی فہرست بہت طویل ہے اور انسانی زندگی کے تقریباً ہر پہلو پر حاوی ہے۔اس کا کسی قدر اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ فہرست مضامین ۲۹ صفحات میں پھیلی ہوئی ہے۔ تسہیل فہم کے لئے آیات کی عام فہم انداز میں مختصر اور ضروری حد تک تشریح کر دی گئی ہے۔ جہاں ضرورت محسوس ہوئی وہاں مسائل زیر بحث کی احادیث کے ذریعہ مزید توضیح وتشریح کی گئی ہے۔اس طرح انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں پیش آنے والے معاملات اور ضروریات کے باب میں قرآنی تعلیمات اور ہدایات تک رسائی اور ان سے واقفیت حاصل کرنا آسان ہو گیا ہے اور پیش آمدہ مسائل کے بارے میں بڑی سہولت سے قرآنی تعلیمات سے واقفیت حاصل کی جا سکتی ہے، قرآنیات کے موضوع پر انگریزی زبان میں موجود لٹریچر میں یہ کتاب ایک گراں قدر اضافہ ہے۔

قرآنیات پر نئے مضامین

- سورہ تکویر کے اسرار وعجائب، شہاب الدین ندوی، معارف، ۲/۱۷۲، اگست ۲۰۰۳ء ص ۸۵۔۱۰۴
- تاریخ تدوین وجمع قرآن، اسماعیل احمد الطحان / مترجم: محمد رضی الاسلام ندوی، تحقیقات اسلامی، ۳/۲۲، جولائی۔ ستمبر ۲۰۰۳ء، ص ۸۵۔۱۰۷، ۴/۲۲، اکتوبر۔ دسمبر ۲۰۰۳ء ص ۸۷۔۱۱۰
- تدبر قرآن میں استناد حدیث، محمد یسین مظہر صدیقی، تحقیقات اسلامی، ۴/۲۲ اکتوبر۔دسمبر ۲۰۰۳ء ص ۴۳۔۶۴
- نظم اور تناسب کا فرق، نازش احتشام اصلاحی، تحقیقات اسلامی، ۴/۲۲، اکتوبر، دسمبر ۲۰۰۳ء ص ۶۵۔۷۶
- انبیاء علیہم السلام کی دعوت اور ہماری حالت، محمد منظور نعمانی، الفرقان، ۷/۷۱، جولائی، ۲۰۰۳ء ص ۷۔۱۲